بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

**حرفِ اوّل**

# گرلز کالج کے جونیئر وِنگ کا اجراء : فیصلے میں تبدیلی!

"حکمت قرآن" کے گزشتہ شمارے میں ایک اشتہار کی صورت میں قرآن کالج فار گرلز کی توسیع کے حوالے سے اس ارادے کا اظہار کیا گیا تھا کہ نئے تعلیمی سال سے کالج کے جونیئر ونگ کے طور پر کلاس ششم تا ہشتم کا اجراء بھی کر دیا جائے گا ــــــ یاد رہے کہ رفقاء و احباب کی جانب سے مسلسل اور دیرینہ تقاضے کے پیش نظر گزشتہ سال اللہ کی توفیق سے قرآن کالج کے گرلز ونگ کا آغاز کر دیا گیا تھا۔ گرلز کالج کے لئے جگہ کی فراہمی کا مسئلہ اللہ تعالیٰ نے بعض اصحابِ خیر کے ذریعے پورا کرا دیا تھا۔ (یہ عمارت قرآن اکیڈمی سے قریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے) اور اس کو چلانے کے لئے محنتی اور باصلاحیت افراد کی ایک ٹیم بھی اللہ نے عطا فرما دی تھی۔ چنانچہ بحمد اللہ کالج نے اپنے تعلیمی سفر کا آغاز کر دیا ہے۔ سال اوّل کی طالبات آئندہ ماہ بورڈ کا امتحان دیں گی اور پھر جولائی میں ان شاء اللہ نئے داخلے ہوں گے۔ یوں نئے تعلیمی سال سے 'سال اوّل اور سال دوم' دونوں کلاسوں میں تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

جہاں تک گرلز کالج کے جونیئر ونگ کے اجراء کا تعلق ہے' ہمیں افسوس ہے کہ خواہش کے باوجود ہم بعض وجوہات کی بناء پر اس کا اجراء کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ بعض انتظامی مسائل اور دیگر رکاوٹوں کے باعث' جن میں اہم ترین مسئلہ طالبات کے لئے ٹرانسپورٹ کی فراہمی کا ہے' مناسب خیال کیا گیا ہے کہ اس معاملے کو آئندہ سال تک کے لئے مؤخر کر دیا جائے۔ آئندہ سال اگر ہم ان رکاوٹوں کو دور کرنے میں کامیاب ہو گئے تو ان شاء اللہ جونیئر ونگ کا آغاز بھی کر دیا جائے گا۔ السّعی مِنّا و الا تمام من اللّٰہ ○○

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com